# سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی - 74200

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ کا 34 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ 29 مئی 2020ء بوقت صبح 10:30 بجے بمقام رجسٹرڈ آفس لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں بذریعہ وڈیو کانفرنسنگ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1. سال مختتمہ 31 دسمبر 2019ء کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹ منٹس اورڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، ان پر غور کرنا اور منظوری دینا۔
2. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے سفارش کردہ 17.50% یعنی -/10 روپے کے ہر شیئر پر 1.75 روپے فی شیئر کی شرح سے نقد حتمی منافع کے سلسلے میں غور کرنا اور منظوری دینا۔
3. آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔
4. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مندرجات کی رو سے اگلی تین سال کی مدت کے لئے بورڈ کے مقرر کردہ سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز ہیں۔ میسرز اقبال علی لاکھانی، امین محمد لاکھانی، انوشکا لاکھانی، تسلیم الدین احمد باٹلے، آفتاب احمد، محمد حسین ہیرجی اور صدر الدین اسماعیل محمد۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

**خصوصی امور**

خصوصی قراردادیں

5. درج ذیل خصوصی قراردادیں پاس کرنے کے لئے غور کرنا:
   a) "قرار پایا کہ ایسوسی ایٹڈ کمپنیز/متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کاروبار کے عمومی دورانیہ میں کی گئی سودے کاریوں کی، جیسا کہ سال مختتمہ 31 دسمبر 2019 کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹ منٹس کے نوٹ نمبر 36 سے ظاہر ہے، اجلاس ہذا میں توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔"
   b) "قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور متعلق پارٹیز کے ساتھ عام کاروباری انداز میں کی گئیں نیز کی جانے والی تمام سودے کاریوں کو منظور کرنے کے مجاز بنائے جاتے ہیں اور یہ کہ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو اس بات کے بھی مجاز بنائے جاتے ہیں کہ وہ کوئی یا تمام ضروری کارروائیاں کریں نیز کہ اس ضمن میں کمپنی کی طرف سے تمام دستاویزات/ انڈنچرز پر دستخط کریں/انہیں روبہ عمل لائیں۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ، نوٹس ہذا کے ہمراہ اراکین کو ارسال کیا جارہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ<br>(منصور احمد)<br>کمپنی سیکریٹری

کراچی - 22 اپریل 2020ء

**نوٹس:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 مئی 2020ء تا 29 مئی 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ 22 مئی 2020ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی کی جانب سے اس ضمن میں موصولہ باقائدہ ٹرانسفرز، نقد حتمی منافع کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔
2. سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں شیئرز جمع کرانے والے ممبر اپنا پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر، CDC اکاؤنٹ/ سب اکاؤنٹ نمبر اور اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت ضرور ساتھ لائیں۔
3. ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند خواہ وہ سبکدوش ہونے والا/والی ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور مندرجہ ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں کمپنی سیکریٹری کے پاس غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے 14 دن پہلے جمع کروائے گا/ گی:

   (الف) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت اپنے آپ کو ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے پیش کرنے سے متعلق ارادہ کا نوٹس۔

   (ب) کمپنیز (جنرل پرووژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے تحت تجویز کردہ فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کا عندیہ۔

   (پ) اپنے آفس ایڈریس کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔

   (ت) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 میں دیے گئے اہلیت کے معیار کی پابندی کرنے کے سلسلے میں اعلان۔

   (ٹ) اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل۔

   (ث) غیر جانبدار ڈائریکٹران کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت الیکشن کے پروسس کے زریعے منتخب ہونگے۔ اور وہ سیکشن 166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیمنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2019 میں دیے گئے معیار پر پورا اتریں گے۔ اور ساتھ ہی درج ذیل اضافی دستاویزات، الیکشن میں بطور غیر جانبدار ڈائریکٹران حصہ لینے کا ارادہ کرنے والے امیدواران کی جانب سے جمع کرائی جائیں گی۔

   * لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹران کی طرف سے اعلان۔

   *غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ جو کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیمنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2019 کی ریگولیشن 4 کے ذیلی ضابطے (1) کی ضرورت کو پورا کرتا / کرتی ہے۔

   سیکشن (4)159 کے تحت، حصہ لینے والے ڈائریکٹران کی فائنل لسٹ میٹنگ سے کم از کم سات دن پہلے مشتہر کردی جائیگی۔ مزید برآں کمپنی کی ویب سائٹ بھی متعلقہ اطلاع کے ساتھ اپڈیٹ کردی جائیگی۔
4. کورونا وائرس کی موجودہ وبا (COVID19) کے بڑھتے ہوئے خدشے کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے 2020 کے سرکولر نمبر 5 مورخہ 17 مارچ 2020 کے ذریعے کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کی صحت کی حفاظت کی غرض سے اپنے سالانہ اجلاس عام کی عمومی پلاننگ میں ترمیم کرلیں۔

   شیئر ہولڈر حضرات جو سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ وڈیو کانفرنسنگ شرکت میں دلچسپی رکھتے ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ کمپنی سیکیٹری کے پاس اپنے آپ کو رجسٹر کروالیں اور سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل تک (یعنی 28 مئی 2020 کی صبح 10:30 بجے تک) ذیل میں دیے گئے ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل تفصیلات کا اندراج کروالیں۔

   الف) موبائل/واٹس اپ 0315 5008228

   ب) ای میل mansoor@lakson.com.pk

   شیئر ہولڈر حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنا نام، CNIC نمبر، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، سیل نمبر اور اپنی ای میل آئی ڈی بغرض شناخت ظاہر کریں۔

   دلچسپی لینے والے شیئر ہولڈر حضرات سے مندرجہ بالا معلومات حاصل ہونے پر، کمپنی ان کے ای میل ایڈریس پر انکی لاگ ان کی تفصیلات بھیج دے گی۔ سالانہ اجلاس عام والی تاریخ پر شیئر ہولڈر حضرات اپنے سمارٹ فون یا اپنے کمپیوٹر آلات کے ذریعہ لاگ ان ہوکر اجلاس میں شریک ہوسکیں گے۔

   مندرجہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے شیئر ہولڈر حضرات سالانہ اجلاس عام کے مجوزہ ایجنڈا کے سلسلے میں اپنی آرا اور تجاویز دیے گئے ذرائع کے زریعہ دے سکتے ہیں۔
5. ایک ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ کا حقدار ہے وہ اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، گفتگو اور ووٹ کے لئے کسی دوسرے ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ ایسے مقرر کردہ پراکسی کو شرکت، گفتگو اور ووٹنگ کے لئے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کسی ممبر کو حاصل ہونگے۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔
6. پراکسی فارمز کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ باقائدہ پر شدہ/مکمل ہوں نیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2 سرور شہید روڈ کراچی میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹہ قبل موصول ہوں۔
7. فزیکل شیئرز رکھنے والے اراکین سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو اپنے پتوں میں کسی تبدیلی سے فوراً مطلع کریں۔ الیکٹرونک شکل میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈر حضرات اپنے پارٹیسپنٹ اور CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس اپنے پتوں کی تجدید کروالیں۔
8. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی شرائط کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لئے لازمی ہے کے اپنے شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک ذرائع سے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست ادا کرے۔

   اپنے بینک اکاؤنس میں ڈیویڈنڈ براہ راست وصول کرنے کے لئے فزیکل شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود 'الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ' فارم کو پُر کریں اور دستخط شدہ فارم شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیج دیں۔

   شیئرز کے CDC میں ہونے کی صورت میں الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈرز کے بروکر/پارٹیسپنٹ /CDC اکاؤنٹ سروسز کے پاس لازمی جمع کرایا جائے۔ اگر شیئر ہولڈر کے CDC اکاؤنٹ یا فزیکل فولیو میں IBAN کا اندراج پہلے ہی سے کیا ہوا ہے تو مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

9. 08 ستمبر 2014ء کے نوٹیفکیشن SRO.787(1)/2014 کے ضمن میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اراکین کو آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ بذریعہ الیکٹرونک میل سسٹم (ای میل) بھیجنے کے لئے سہولت کاری کی ہدایت کی ہے۔ ہم بخوشی اپنے اراکین کو جو مستقبل میں ای میل کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور کمپنی کے نوٹس حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں یہ سہولت پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں اراکین سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.cicl.com.pk پر دستیاب مجوزہ درخواست فارم پر ای میل کے ذریعے اپنے عندیہ سے آگاہ کریں۔ براہ مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ای میل اکاؤنٹ میں ای میل وصول کرنے کیلئے اجازت اور مناسب جگہ موجود ہو جو کے سائز میں 1MB سے زیادہ ہو۔ مزید یہ کہ رکن کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی کی بابت شیئر رجسٹرار کو بروقت آگاہ کرے۔

10. (i) 1 جولائی 2019ء سے لاگو ہونے والے فنانس ایکٹ 2019 کی رو سے، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے ترمیم شدہ نرخ درج ذیل ہیں:

1. وہ اشخاص جو ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل ہیں: 15%

2. وہ اشخاص جو ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں: 30%

اس امر کے لئے کہ کمپنی 30% کے بجائے 15% کی شرح سے نقد ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی کرے، وہ شیئر ہولڈرزہ جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، باوجود اسکے کہ وہ ریٹرن جمع کراتے ہوں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ انکے نام ATL میں کتابوں کی بندش کے پہلے دن سے قبل درج ہوں۔ بہ صورت دیگر انکے کیش ڈیویڈنڈ سے ٹیکس 15% کی بجائے 30% کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

(ii) ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنٰی کی اجازت اسی صورت میں ہوگی کہ جب درست ٹیکس استثنٰی سرٹیفکیٹ یا مجاز عدالت کا باضابطہ حکم التوا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس بکس کی بندش کے پہلے دن تک مہیّا کر دیا جائے۔

(iii) مزید برآں یہ کہ، فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (FBR) سے موصولہ وضاحت کی رو سے، جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں فائلر / نان فائلر کی حیثیت میں یعنی پرنسپل شیئر ہولڈر یا جوائنٹ شیئر ہولڈر کے لئے ودہولڈنگ ٹیکس ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے علیحدہ علیحدہ وضع کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں ان تمام شیئر ہولڈرز، جو کہ مشترکہ شیئرز رکھتے ہوں، سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر یا جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئرز کی شیئر ہولڈنگ تناسب کی بابت شیئر ز رجسٹرار کو درج ذیل معلومات (اگر تو پہلے نہ مہیا کی گئی ہوں تو) تحریراً مہیا کریں:

| کمپنی کا نام | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب |

مطلوبہ معلومات شیئرز رجسٹرار کے پاس 10 روز کے اندر اندر پہنچ جانی چاہئیں، ورنہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے مابین شیئرز کا تناسب مساوی سمجھا جائے گا۔

(iv) کسی استفسار، مسئلے یا معلومات کے سلسلے میں انوسٹر حضرات کمپنی سیکریٹری سے فون نمبر 38400000 اور ای میل ایڈریس mansoor@lakson.com.pk اور/یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر 34380101-5 اور/یا ای میل ایڈریس info.shares@famco.com.pk رابطہ کر سکتے ہیں۔

(v) CDC اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ کے پاس درست نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی موجودگی یقینی بنائیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک نقل کمپنی یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی کو ارسال کریں گے۔ شیئر ہولڈرز اپنے NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جو بھی ہو، ارسال کرتے وقت اپنی کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز بھی لازماً بتائیں۔ NTN کے بغیر کمپنی ATL پر فائلر کا اسٹیٹس دیکھنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگی۔ ایسی صورت میں ٹیکس ریٹ زیادہ شرح یعنی 30% کے حساب سے لگایا جا سکتا ہے۔

11. ڈائریکٹرز کے الیکشن میں حصہ لینے کی غرض سے، نیز کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی رو سے، جہاں کہ الیکشن میں حصہ لینے والوں کی تعداد، منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہوگی، ممبران کو اپنا مذکورہ حق رائے دہی بذریعہ پوسٹل بیلٹ بھی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ یعنی ووٹنگ بذریعہ ڈاک مذکورہ ریگولیشنز میں دیے گئے ضابطوں اور طریقوں کے مطابق ہوگی۔

12. ممبر حضرات، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 تا 145 نیز کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی متعلقہ شقوں میں دی گئی شرائط پوری ہونے کی صورت میں، چناؤ کے حق کے مطالبہ کا استعمال کر سکتے ہیں۔

13. پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ہمراہ منسلک ہے اور ممبران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔